اخبار الجامعہ

ترتیب: مولانا محمد جمشید

☆...... ابتداء سے جامعہ کے منتظمین کا روایت چلا آرہا ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر جامعہ مدرسین وملازمین کو ملبوسات کی صورت میں عید پیکج سے نوازا جاتا ہے۔ اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے رئیس الجامعہ نے 10/اکتوبر 2012ء کو جملہ شعبہ جات کے مشترکہ سالانہ اجلاس میں مدرسین اور ملازمین کو ملبوسات فائقہ سے نوازا۔

☆...... 24/اکتوبر 2012ء کو تقریب کے دوران قائد جمعیۃ کے دست مبارک سے گذشتہ وفاق المدارس کے امتحان درجہ موقوف علیہ کے جامعہ ہذا کا طالب علم حامد الرحمٰن کو نقد انعام اور اعزازی سند دی گئی جس نے صوبہ کی سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کی تھی۔

☆...... زندگی کے بعض مواقع ایسے ہوتے ہیں جن کا اپنے اہل وعیال کے ساتھ شریک ہو کر گزارنا ہر مسلمان کی تمنا ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک موقع عید کا بھی ہے۔ اس بات کے پیشِ نظر 25/اکتوبر 2012ء کو جامعہ کے جملہ شعبہ جات کی تعطیلات کا اعلان ہوا۔

☆...... 27/اکتوبر 2012ء کو عید الاضحیٰ کی خوشیوں میں غرباء کو شریک کرنے کے لیے سینکڑوں قربانیوں کا نذرانہ پیش کیا جاتا ہے۔ حسب سابق امسال بھی اسی سنت پر عمل پیرا ہو کر قربانیاں کی گئیں اور گوشت غرباء ومساکین میں تقسیم کیا گیا۔

☆...... 9/نومبر 2012ء کو تعطیلات اختتام پذیر ہوئیں اور جملہ شعبہ جات نے اپنے امور نبھانے کا آغاز کر دیا۔

☆...... 30/نومبر 2012ء کو رئیس الجامعہ کے برادر نسبی جناب نصیر علی شاہ صاحب، جامعہ کے خازن رسول زمان اور آڈیٹر بلقیاز خان حرمین شریفین کی زیارت کی سعادت حاصل کرنے کے بعد بخیر وعافیت واپس پہنچ گئے۔

☆...... 6/دسمبر 2012ء کو چلڈرن رائیٹس کمیٹی (C.R.C) کے زیر اہتمام بچوں کے حقوق کے حوالے سے ورکشاپ منعقد ہوا، جس میں رئیس الجامعہ بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ بچوں کے حقوق سے متعلق دیگر امور کے علاوہ بطور خاص مطالبہ کیا گیا کہ معذورین کے شناختی کارڈز کی طرح ایتام کے لیے خصوصی کارڈز کا اجراء کیا جائے۔

☆...... محرم الحرام کے مبارک مہینے میں قیام امن اور فرقہ وارانہ واقعات کے سدباب کے لیے تین اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوئے۔ ضلعی سطح پر D.C.O کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں جامعہ کی طرف سے نائب مہتمم حضرت مولانا نورخالق شاہ صاحب نے شرکت کی ڈویژنل سطح پر کمشنر کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں ناظم اعلیٰ جناب محمد نواز بنوی صاحب نے شرکت کی جبکہ صوبائی سطح پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں رئیس الجامعہ نے بنفس نفیس شرکت کی۔

☆...... 2012ء کو خادم الحرمین الشریفین نے نمائندوں نے جامعہ کے زیر انتظام قائم کردہ ادارہ " دارالمحبۃ للایتام " کا تفصیلی دورہ کیا۔ اور یتیم بچوں کی کفالت پر منتظمین جامعہ کو سراہا۔

☆...... بنوں اور مضافات میں مساجد کی تعمیر کا پروگرام جامعہ کا جزو لاینفک ہے۔ اس سلسلہ میں رئیس الجامعہ نے 16/ستمبر 2012ء کو محمد اکرم درد ریز اور 30/نومبر 2012ء کو خوجڑی شیر گل اور 4/دسمبر 2012ء کو کوٹکہ غازی مرجان لکی میں مساجد کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔

☆......3/دسمبر 2012ء کو جامعہ کے سہ ماہی مجلہ " المباحث الاسلامیہ " کے نگران اور جامعہ پشاور کے وائس چانسلر جناب ڈاکٹر قبلہ آیاز صاحب کے والد بزرگوار کا سانحہ ارتحال پیش آیا۔ نماز جنازہ میں اراکین و منتظمین جامعہ نے خصوصی شرکت کی۔

☆...... 5/دسمبر 2012ء کو جامعہ احسن العلوم کراچی کے معصوم، مظلوم اور بے گناہ طلبہ کی شہادت پر مذہبی طبقے کے علاوہ تمام محبین علم و دین کو سخت دھچکا لگا۔ جامعہ کے منتظمین نے قاتلوں اور بربریت کے علمبرداروں کے خلاف ایک عظیم الشان اجتماعی مظاہرہ کیا جس میں ضلع بھر کے مدارس، علماء و طلباء اور عوام الناس نے شرکت کر کے شہید طلبہ کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار کیا۔

☆...... جامعہ کے بانی حضرت سید نصیب علی شاہ صاحب الہاشمی نور اللہ مرقدہ ایسی شخصیت کے حامل انسان تھے جو دوسروں کے لیے مشعل راہ ہے۔ اس کی سیرت و کردار اور علمی محبت اس بات کی متقاضی تھی کہ اس کے نام سے منسوب پروقار تقریب کا انعقاد کیا جائے۔ اس تقاضے کو پورا کرنے کے لیے آپؒ کے خلف الرشید، جامعہ کے رئیس سید نسیم علی شاہ صاحب حفظہ اللہ نے اساتذہ کے ماہانہ اجلاس میں غور و حوض کے بعد جمعیت علماء اسلام کی مشاورت سے 27/ جنوری 2013ء کو اس تقریب کے انعقاد کا اعلان کیا۔

☆...... 10/دسمبر 2012ء کو دارالمحبۃ للایتام میں حقیبہ اور سکول (سٹیشنری) پراجیکٹ کے تحت کتب کاپیاں، پنسل، قلم، داوات وغیرہ کو یتیم بچوں میں رئیس الجامعہ نے تقسیم کیں۔

......☆☆☆☆☆......